16/01/2026

12.25 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

یوم جمہوریہ

جموں کشمیر میں آنے والے یوم جمہوریہ کی تقریب شایانِ شان طریقے پر منانے کے لئے تمام انتظامات اور تیاریوں کو □تمی شکل دی جا رہی ہے ۔ یوٹی لیول کی تقریب مولانا آزاد سٹیڈیم جموں میں منعقد ہو گی جہاں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا پریڈ پر سلامی لیں گے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اس تقریب پر مہمانِ خصوصی ہوں گے ۔

پانچ کابینی وزراءبھی بعض اضلاع میں جشنِ جمہور کی تقریبات کی قیادت کریں گے ۔ نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری سرینگر میں // تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو اننت ناگ میں // جل شکتی کے وزیر جاوید ا□مد رانا پونچھ میں // خوراک اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما کٹھوعہ میں // اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید ا□مد ڈار بارہمولہ میں 26 جنوری کی تقریبات کی صدارت کریں گے ۔ دیگر 14 اضلاع میں متعلقہ ضلع ترقیاتی کونسلوں کے چیر پرسنز ان تقریبات کی قیادت کریں گے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کو فلم سازی کا ایک من پسند مقام بنانے کیلئے لازمی ہے کہ مقامی سطح پر پوسٹ پروڈکشن سہولیات کو بڑھاوا دیا جائے نیز مقامی ٹیلنٹ کی صلا□یت سازی میں اضافہ کیا جائے ۔ انہوں نے کہاکہ اس ضمن میں انڈین انسٹی چیوٹ آف کریٹیو ٹیکنالوجی ایک اہم رو ل ادا کر سکتا ہے۔

کا دورہ کرتے ہوئے انہوں نے جموں IICT میںNDFC ممبئی کے نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کار پوریشن کشمیر کو فلم صنعت اور فلمی سیا□ت کے بہترین مرکز کے طور پر اس کی بے پناہ صلا□یت کو , Animation, VFX, Gaming بھی اجا گر کیا ۔ انہوں نے جموں کشمیر کے نوجوانوں کو

اور اس طرح کے دوسرے فیلڈس میں قومی سطح کے تربیتی مواقعے فراہم کرنے پر Comics زور دیا ۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ کشمیر کی اقتصادی امور سے متعلق وِنگ نے کرناٹک سے تعلق رکھنے والے عاقب جاوید اور م□مد ا□تشام کے خلاف سب جج بارہمولہ کی عدالت میں تعزیراتِ ہند کے ت□ت فردِ جرم داخل کی ہے ۔

اس بارے میں کرائم برانچ کشمیر کو ایک شکایت ملی تھی جس میں شکایت کنندہ نے کہا ہے کہ کرناٹک کے ڈاکٹر شمس الدین نامی ایک شخص نے ملزم م□مد عاقب جاوید کے ذریعے ان کے بیٹے کو MBBS میں ایک سیٹ دینے کا یقین دلایا اور اس کے عوض اس سے 13 لاکھ روپے لے لئے ۔

ت□قیقات میں یہ ثابت ہو گیا کہ ملزم عاقب جاوید نے اپنے بھائی م□مد ا□تشام کے ساتھ مل کر MBBS میں داخلہ دلایا اور نہ ہی دھوکہ دہی کا یہ کام انجام دیا اور پھر نہ ہی شکایت کنندہ کو اس کے پیسے واپس لوٹائے ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی ACB کر رہا ہے۔

ACB- جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے تاثرات

□ج

جموں کشمیر □ج کمیٹی کی طرف سے □ج 2026 کے لئے منتخبہ عازمین کی خاطر مناسکِ □ج سے متعلق تربیتی پروگراموں کا شیڈول جاری کیا گیا ہے ۔

شیڈول کے مطابق وادی کے عازمین کے لئے متعلقہ اضلاع میں ان تربیتی پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا ۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ میں مشن یووا کے ت□ت اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ساتھ ہی سب ڈویژنل بزنس ڈیولپمنٹ یونٹ اور بزنس ہیلپ ڈیسک کے نئے بھرتی شدہ ممبروں سے بھی تبادلہ خیال کیا ۔

DCs

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں نیشنل رورل لائیو لی ہُڈس مشن پر اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے سکیم کے ت□ت زیادہ سے زیادہ لوگوں کا ا□اطہ کرنے پر زور دیا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں مشن یووا پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے سکیم کے اہداف کو بر وقت □اصل کرنے کے لئے اس کی موثر عمل آوری کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے نارکو کوآرڈنیشن سینٹر کی میٹنگ میں ضلعے میں منشیات کی لعنت پر قابو پانے کے لئے اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے ضلعے کو منشیات سے پاک کرنے کی خاطر ٹھوس □کمتِ عملی اختیار کرنے کی تاکید کی ہے ۔

ونٹر جنگل

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ □رارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی ا□تیاط برتی جائے۔